**26.07.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ عبدالواحد

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے امتحانات کی اصلاحات کیلئے اعلیٰ اختیاراتی ٹاسک فورس تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے، جس کی سربراہی ٹیکنالوجی کے ماہر نندن Nilekani کریں گے۔

☆ امتحانات میں بدعنوانی سے نمٹنے کیلئے کُل پارلیمنٹ میں ایک نیا قانون پیش کیا جائے گا۔

☆ مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے وزیر تعلیم کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔

☆ ملک نے آج کرگل دِوَس کے موقع پر اپنے فوجیوں کے بے مثال حوصلے اور جانوں کی قربانی دیئے جانے پر اُنھیں سلام پیش کیا۔ وزیر اعظم مودی نے شہریوں سے زور دے کر کہا کہ وہ کرگل جنگ کے شہیدوں کا احترام کریں اور محفوظ، باصلاحیت اور خودمختار بھارت کی تعمیر کے عزم کو، اور پختہ کریں۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے ایک بار پھر کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ، اُس کے زیر قبضہ جموں وکشمیر کی واپسی کے علاوہ کوئی بات چیت نہیں ہوگی۔

☆ دولت مشترکہ کھیلوں میں، بھارت کی میرا بائی چانو نے خواتین کے 48 کلوگرام ویٹ لفٹنگ مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے اور رشی کانت سنگھ Chanambam نے مردوں کے 60 کلوگرام ویٹ لفٹنگ مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں، ہرارے میں بھارت نے تیسرے ٹی–ٹوینٹی میچ میں زمبابوے کو 35رن سے ہراکر، سیریز تین صفر سے جیت لی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***PM Exam Task Force***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج، امتحانات کی اصلاحات کے بارے میں، ٹیکنالوجی کے معروف ماہر نندن Nilekani کی قیادت میں ایک اعلیٰ اختیاراتی ٹاسک فورس کی تشکیل کا اعلان کیا ہے۔

ایک ویڈیو پیغام میں انھوں نے کہا کہ یہ ٹاسک فورس امتحانات کی اصلاحات پر غور کرے گی اور اِس کی رپورٹ کی بنیاد پر جلد از جلد ممکنہ اقدام کئے جائیں گے تاکہ آئندہ امتحانات کے اعتبار کو یقینی بنایا جاسکے۔ انھوں

نے کہا کہ ملک کا امتحانات کا نظام قابل اعتبار، شفاف اور ٹیکنالوجی کو زیادہ سے زیادہ آگے بڑھانے والا ہونا چاہیئے۔یہ ٹاسک فورس سابق آئی بی ڈائریکٹر تپن ڈیکا، اِسرو کے سابق چیئرمین ایس سومناتھ، آئی آئی ٹی چنئی کے ڈائریکٹر وی کاما کوٹی پر مشتمل ہوگی۔ اِن کے علاوہ تعلیم کی سابق سکریٹری انیتا کاروال اور لاجسٹکس کے ماہر امرت لال مینا بھی اِس ٹاسک فورس کا حصہ ہوں گے۔

وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ کل پارلیمنٹ میں حکومت امتحانات سے متعلق سخت قانونی شقوں والا ایک نیا بِل پیش کرے گی۔ جناب مودی نے مقابلہ جاتی امتحانات کی دیانتداری اور لاکھوں طلبا کے مستقبل کے تحفظ کے، حکومت کے عزم کو بھی اجاگر کیا۔

**S/B PM Task Force**

## ***Parliament Bill***

حکومت کل لوک سبھا میں سرکاری امتحانات میں غیر منصفانہ طور طریقوں کی روک تھام کے قانون میں 2026 کا ترمیمی بل پیش کرے گی۔ یہ بل کل کے کام کاج میں لازمی طور پر شامل ہے۔

اس بل میں سرکاری امتحانات میں غیر منصفانہ طور طریقے اپنائے جانے کی روک تھام کے، 2024 کے قانون میں ترمیم کیلئے کہا گیا ہے۔ یہ بل مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ پیش کریں گے۔

جمعہ کو مرکزی کابینہ نے تیز رفتار عدالتیں قائم کرنے کیلئے اس بل کے مسودے کو منظوری دی تھی تاکہ پیپر لیک اور امتحان میں غلط طور طریقوں کے معاملات میں سخت تر سزا کو یقینی بنایا جاسکے۔x

## ***Joshi EDU Min Meeting***

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے آج، وزیرتعلیم کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ اُنھیں کل دھرمیندر پردھان کے استعفٰی کے بعد اِس عہدے پر مقرر کیا گیا تھا۔ وہ صارفین امور، خوراک اور تقسیم عامّہ و نئی اور قابل تجدید توانائی کی وزارت کی ذمہ داریاں بھی سنبھالتے رہیں گے۔

انھوں نے وزیرتعلیم کے عہدے کی ذمہ داری سنبھالنے کے فوراً بعد مختلف اسکیموں اور اہم اقدامات پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کیلئے وزارت کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔تعلیم کے وزیر مملکت جینت چودھری اور وزارت کے بہت سے سینئر افسران نے اِس میٹنگ میں شرکت کی۔بعد میں جناب پرہلاد جوشی نے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے یہ ذمہ داری اُنھیں سونپی۔

جناب جوشی نے کہا کہ وہ وزارت کی کارکردگی، پالیسیوں اور اقدامات کو پوری طرح سمجھنے کیلئے فی الحال جائزہ میٹنگیں کر رہے ہیں۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ ایک بڑا اور اہم محکمہ ہے اور اُن کی فوری ترجیح وزارت تعلیم کے پروگراموں اور نئے اقدامات پر عملدرآمد کے پہلے اِس کی کارکردگی کو پوری طرح سمجھنا ہے۔

**S/B 1700 Prahlad Joshi**

**PM Mann Ki Baat**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کرگل وجے دِوَس کے موقع پر ملک کے بہادر سپاہیوں کو یاد کیا۔ انھوں نے شہیدوں اور سپاہیوں کو سلام پیش کیا۔ انھوں نے کہا کہ انھوں نے اپنی مادرِ وطن کے دفاع کیلئے اپنا سب کچھ قربان کردیا۔ جناب مودی نے ہر ایک سے کہا کہ وہ اِن شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کرے اور ایک محفوظ، باصلاحیت اور خودکفیل بھارت کی تعمیر کے عزم کو مزید مستحکم بنائے۔

انھوں نے کہا کہ بھارت لگاتار نئی اونچائیوں پر پہنچ رہا ہے، خواہ وہ دفاعی سازوسامان کی تیاری ہو، دفاعی برآمدات ہوں یا دوست ملکوں کے ساتھ سیاسی تعاون۔

جناب مودی نے آج آکاشوانی پر اپنے،'من کی بات' پروگرام میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 24 جولائی ایک ایسی تاریخ ہے جسے یاد کرنے کیلئے کیلنڈر کی ضرورت نہیں، کیونکہ آج کرگل وجے دِوَس منایا جارہا ہے۔

**S/B Kargil Diwas**

جناب مودی نے کہا کہ بھارت اپنی ٹیکنالوجیکل صلاحیتوں کو لگاتار مضبوط بنا رہا ہے۔

انھوں نے حال ہی میں INS مہیندر گری کو بھارتی بحریہ کے کام کاج میں شامل کئے جانے کا خاص طور پر ذکر کیا۔وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے اتوار کو وِکرم– 1 کو کامیابی کے ساتھ خلا میں بھیجا جانے سے ہر بھارتی کا سر فخر سے بلند ہوا ہے۔Catch The Rain مہم کے بارے میں وزیر اعظم نے کہا کہ 4جولائی سے ایک خصوصی ملک گیرمہم جاری ہے۔

**S/B Catch The Rain**

آج 'من کی بات' پروگرام میں وزیر اعظم نے کہا کہ ہر ایک بھارتی، دولت مشترکہ کھیل مقابلوں میں حصہ لینے والے سبھی اتھلیٹس کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم نے سائنس اولمپیاڈز کے بارے میں بھی کہا کہ اِن مقابلوں میں بڑی تعداد میں طلبا نے حصہ لیا۔

'من کی بات' کے اِس نشریے میں جناب مودی نے کشمیر کی روایتی 'واگو' چٹائی کا ذکر کیا، جسے سرکنڈوں اور دھان کی بالیوں سے بُنا جاتا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ ملک 'ووکل فار لوکل' کے منتر کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ انھوں نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ کشمیر کی 'واگو' چٹائی کو اپنے گھروں کی زینت بنائیں۔

جناب مودی نے ہر ایک سے کہا کہ وہ بھگوان گنیش کی، پلاسٹر آف پیرس سے تیار کی گئی مورتیوں کے بجائے اُن مورتیوں کی پوجا کریں، جنھیں گنیش اُتسو کے دوران ملک کی اپنی مٹی سے بنایا جاتا ہے۔

کل 27جولائی کو بھارت رتن ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کی برسی ہے، جناب مودی نے کہا کہ ڈاکٹر کلام کی شخصیت کے کئی تحریک دینے والے پہلو ہیں اور ایک اُستاد کا رول اُن کے دل کے سب سے قریب ہے۔

جناب مودی نے اپنے خطاب کا اختتام کرتے ہوئے، یومِ آزادی کے بارے میں اظہارِ خیال کیا۔ انھوں نے سبھی سے زور دے کر کہا کہ وہ MyGov پر ہمیشہ کی طرح، 15اگست سے پہلے بیشمار خیالات اور تجویزوں سے نوازیں۔x

## PM VB Village

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کے نوجوانوں کا، ایک وکست بھارت کی تعمیر میں اہم رول ہے۔ انھوں نے کہا کہ وہ نہ صرف ایک ترقی یافتہ بھارت کی مہم کو آگے لے جانے والے ہیں بلکہ وہ اِس کے سب سے بڑے مستفیدین بھی ہیں۔

ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے وکست درخشاں گاؤں پروگرام کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ترقی یافتہ گاؤں، ایک وکست بھارت کی بنیاد ہیں اور نوجوانوں کا، اِس تصور کو حاصل کرنے میں ایک اہم رول ہے۔ انھوں نے خاص طور پر کہا کہ سرحدی گاؤں کے باشندوں میں چیلنجوں کے باوجود، وطن پرستی کا ایک پختہ جذبہ برقرار رہا ہے۔

**S/B PM Village**

## Rev. Rajnath Kargil Diwas

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے ایک بار پھر کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں ہوگی اور کسی بھی مذاکرے میں، پاکستان کے زیر قبضہ جموں وکشمیر پر ہی توجہ مرکوز کی جائے گی۔ انھوں نے اِسے بھارت کا ایک اٹوٹ حصہ قرار دیا جسے پاکستان نے غیر قانونی طور پر اپنے قبضے میں لے رکھا ہے۔

وزیر دفاع، لداخ کے شہر دراس میں 27ویں کرگل وجے دوس کی تقریبات سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت کی خودمختاری کے خلاف کسی بھی نفرت آمیز کارروائی سے، اُسی انداز میں نمٹا جائے گا، جو بھارت کی دفاعی فوجوں نے آپریشن سندور کے ذریعے بے مثال بہادری کے ساتھ دہشت گردوں اور اُن کے پشت پناہوں کے خلاف اختیار کی تھی۔

انھوں نے کہا کہ آپریشن سندور کی کامیابی اِس بات کا ثبوت ہے کہ بھارت میں یہ صلاحیت ہے کہ وہ پاکستان کی کسی بھی منفی کارروائی کا جواب، اُس کے تصور سے زیادہ شدید انداز میں دے۔

**S/B Rajnath Singh**

## J&K Schools Repair

جموں وکشمیر میں حکام نے اُن سبھی اسکول عمارتوں کیلئے ہدایت جاری کی ہے جو حالیہ موسلادھار بارش کی وجہ سے غیر محفوظ ہیں یا اُنھیں نقصان پہنچا ہے کہ اُنھیں فوراً بند کردیا جائے اور ضروری مرمت کئے جانے تک استعمال نہ کیا جائے۔

جموں کے ڈویژنل کمشنر رمیش کمار نے جموں ڈویژن میں بارش کی وجہ سے جن عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے اُن کا جائزہ لینے کیلئے منعقد کی گئی ایک میٹنگ کے دوران یہ ہدایات جاری کیں۔

اِسی دوران پُنچھ، راجوری، ڈوڈہ اور رام بَن اضلاع میں بارش سے متعلق حادثات میں کم سے کم 27افراد کی جانیں چلی گئیں۔ 6افراد لاپتہ بھی بتائے جاتے ہیں۔

29اور 30جولائی کو مزید بارش کی پیشگوئی کے پیش نظر ضلع انتظامیہ سے کہا گیا ہے کہ وہ حساس علاقوں میں لازمی اشیا کے وافر ذخیرے کو یقینی بنائیں۔x

## Odisha Monsoon

خلیجِ بنگال میں گہرے دباؤ کے باعث کل اڈیشہ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے متعدد اضلاع کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ احتیاطی تدابیر کے طور پر ریاستی حکومت نے تمام سرکاری اور پرائیویٹ اسکولوں اور میور بھنج و جگت سنگھ پور ضلعے میں ہائر سیکنڈری تعلیمی اداروں اور آنگن واڑی مراکز کو بند کرنے کا حکم دیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ.........

VC Praakash Dash

بھارتی محکمۂ موسمیات نے خلیج بنگال میں گہرے دباؤ کے باعث کل سے اڈیشہ سے بڑے پیمانے پر موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ بھدرک، جاج پور، کیندریہ پاڑہ، جگت سنگھ پور، کٹک اور کیونجھر اضلاع کے کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ہوا کے تیز دباؤ کے باعث موسلا دھار بارش کا دائرہ میور بھنج اور سُندر گڑھ تک پھیلنے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ احتیاط کے طور پر ریاستی حکومت نے میور بھنج اور جگت سنگھ پور کے تمام سرکاری اور پرائیویٹ اسکولوں، ہائر سیکنڈری تعلیمی اداروں اور آنگن واڑی مراکز کو بند کرنے کا حکم دیا ہے۔ حکام نے اچانک سیلاب کی صورتحال پیدا ہونے اور وسیع پیمانے پر پانی بھر جانے کا انتباہ دیا ہے۔ اِس کے علاوہ سمندری سرگرمیوں کو روک دیا گیا ہے۔ تمام بندرگاہوں پر Local Cautionary سگنل نمبر– 3نصب کیا گیا ہے اور ماہی گیروں سے اگلے احکامات تک سمندر میں نہ جانے کا مشورہ دیا ہے۔

بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد شہزاد

## Gujarat Rain

گجرات میں چار روز سے جاری شدید بارش کے بعد آج کمی درج کی گئی ہے۔ ریاست کے 76تعلقوں میں ہلکی بارش درج کی گئی اور اب تک ریاست میں 53فیصد اوسط بارش درج کی گئی ہے۔ حالیہ دنوں بارش کی وجہ سے متاثرہ علاقوں میں 7ہزار 900سے زیادہ لوگوں کو بچایا گیا ہے اور 52ہزار سے زیادہ افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔

متاثرہ اضلاع میں زندگی کو معمول پر لانے کی کوششیں جاری ہیں۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ایک مرتبہ پھر وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل سے بات کی اور ریاست کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ x

**Reddy Telangana**

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے آج تلنگانہ میں نو تعمیر شدہ Komuravelli ریلوے اسٹیشن کا افتتاح کیا، جس سے مسافروں اور شری ملکا ارجن سوامی مندر جانے والے عقیدتمندوں کو سہولت فراہم ہوگی۔ منوہرآباد–کوٹا پلّی نئے ریلوے لائن منصوبے کے تحت 6 کروڑ روپے سے تعمیر کیے گئے اِس اسٹیشن میں جدید ترین سہولیات مہیا کرائی گئی ہیں، جو مندر کی ثقافتی وراثت کو ظاہر کرتی ہیں۔ x

**OM Birla Anahat Singh**

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے اسکواش کھلاڑی اَناہت سنگھ کو 2026عالمی جونیئر چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ اناہت یہ خطاب جیتنے والی پہلی بھارتی کھلاڑی بن گئی ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں لوک سبھا اسپیکر نے کہا کہ یہ تاریخی کامیابی، غیر معمولی صلاحیت، جذبے اور استقامت کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک کیلئے فخر کا لمحہ ہے اوراِس سے دیگر نوجوان کھلاڑیوں کو اسکواش میں قسمت آزمائی کی تحریک ملے گی۔

**Rev. CWG Weightlifting**

گلاسگو میں جاری دولت مشترکہ کھیلوں میں بھارتی ویٹ لفٹر میرا بائی چانو نے خواتین کے 48 کلوگرام وزن کے زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ 31سالہ ویٹ لفٹر نے بہترین کار کردگی مظاہرہ کرتے ہوئے snatch میں 85 کلو گرام وزن اٹھا کر دولت مشترکہ کھیلوں میں ایک ریکارڈ قائم کردیا۔ اُس کے بعد انہوں نے کلین اینڈ جَرک میں 105 کلوگرام کا وزن اٹھا کر اِن کھیلوں میں مجموعی طور پر 190 کلو گرام وزن کا ایک اور ریکارڈ قائم کیا۔ اِس جیت کے ساتھ ہی میرا بائی چانو نے دولت مشترکہ کھیلوں میں لگاتار تیسرا سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ اِس سے قبل وہ 2018اور 2022کے ایڈیشن میں بھی سونے کا تمغہ جیت چکی ہیں۔ دولت مشترکہ کھیلوں میں یہ بھارت کا پہلا سونے کا تمغہ ہے۔ x

**Cricket**

مردوں کی کرکٹ میں، ہرارے میں بھارت نے زمباوے کو تیسرے اور آخری ٹی ٹوئنٹی میچ میں 35رن سے ہرا دیا۔ اِس طرح بھارت نے تین میچوں کی سیریز میں تین–صفر سے کلین سویپ کردیا۔

بھارت کی طرف سے دیئے گئے 193رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے زمباوے کی ٹیم، مقررہ 20 اوور میں 7وکٹ پر 157رن ہی بنا سکی۔ بھارت کی طرف سے مینگ یادو نے 3وکٹ، جبکہ یش ٹھاکر 2وکٹ حاصل کیے۔

اِس سے قبل بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا اور 20اوور میں 5وکٹ پر 192رن بنائے۔ Vaibhav Sooravanshi نے 49 گیندوں پر شاندار 81رن بنائے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆